(پریس ریلیز میرپور)

(سپریم کورٹ آزاد جموں وکشمیر نے مقدمہ عنوانی تیمور قیوم بنام مجاز اتھارٹی وغیرہ میں جاری قانونی کارروائی کے دوران اشتہار معطل کر دیا)

سپریم کورٹ آزاد جموں وکشمیر برانچ رجسٹری میرپور میں مقدمات کی سماعت کے سلسلہ میں عدالت گرامی کے حالیہ سرکٹ دورے کے دوران عدالت گرامی کے دورکنی بینچ جو جناب جسٹس راجہ سعید اکرم خان، جناب چیف جسٹس آزاد جموں کشمیر جناب جسٹس خواجہ نسیم، سینیئر جج سپریم کورٹ آزاد جموں وکشمیر پر مشتمل تھا۔ ایک مقدمہ تیمور قیوم بنام مجاز حاکم وغیرہ کی سماعت بذریعہ ویڈیو لنک کرتے ہوئے ایک عبوری حکم نامہ جاری کیا جس میں مورخہ 15 فروری 2025 کو روزنامہ کشمیر لنک میں ہائی کورٹ میں آسامیوں کے خلاف جاری شائع ہونے والے اشتیار کی کاروائی کو آئندہ احکامات تک معطل کر دیا ہے یہ عبوری حکم درخواست گزار تیمور قیوم اور دیگر کی جانب سے دائر کردہ درخواست کی سماعت کے دوران سنایا گیا۔

درخواست گزاروں نے مذکورہ اشتہار کو چیلنج کرتے ہوئے مؤقف اختیار کیا کہ یہ آزاد جموں وکشمیر ہائی کورٹ اسٹیبلشمنٹ رولز 2020 کے تحت کوٹہ مختص کرنے اور دیگر قانونی تقاضوں پر پورا نہیں اترتا۔ انہوں نے عدالت سے استدعا کی کہ اس اشتہار کو حتمی فیصلے تک معطل کیا جائے۔

ویڈیو لنک کے ذریعے فریقین کے دلائل سننے کے بعد، عدالت گرامی نے قرار دیا کہ درخواست گزاروں کا مقدمہ عبوری ریلیف کے اجراء کے لیے درکار اصول قانونی معیار پر پورا اترتا ہے، جو بادی النظر میں ایک قابل بحث مقدمہ کی تعریف میں آتا ہے اور اس میں سہولت کا توازن اور درخواست گزاروں کو ہونے والے ممکنہ ناقابل تلافی نقصان جیسے عوامل شامل ہیں ۔لہذا عدالت نے حکم دیا کہ مذکورہ اشتہار آئندہ احکامات تک معطل رہے گا۔

اس سے قبل، آزاد جموں وکشمیر ہائی کورٹ میں بھی درخواست گزاروں نے اس اشتہار کو کالعدم قرار دینے اور قانون کے مطابق درست کوٹہ تقسیم کے ساتھ اس کے از سرِ نو اجراء کی درخواست دائر کی تھی۔ مگر عدالت العالیہ حکم امتنائی جاری نہ کیا تھا مزید برآں، انہوں نے ترمیم شدہ آزاد جموں وکشمیر ہائی کورٹ اسٹیبلشمنٹ رولز 2020 میں موجود کسی بھی ایسی تضاد کو چیلنج کیا تھا جو عمومی قانونی دفعات سے متصادم ہو۔

سپریم کورٹ کا یہ فیصلہ عوامی شعبے میں بھرتیوں اور انتظامی فیصلوں میں شفافیت اور قانونی اصولوں کی پاسداری کو یقینی بنانے کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔ مقدمہ اب آئندہ مرحلے میں داخل ہو چکا ہے، جہاں مزید دلائل اور قانونی نکات پر غور کیا جائے گا۔

ڈپٹی رجسٹرار
سپریم کورٹ آزاد جموں وکشمیر
برانچ رجسٹری میرپور